سالانہ امتحان 2014-15

سلیس اردو

حیدرآباد بورڈ

(حصہ الف: کثیر الانتخابی سوالات)

سوال نمبرا: مندرجہ ذیل سوالات کے درست جواب کا انتخاب کریں۔

(i) پاکستان بننے کے بعد۔۔۔۔۔۔ شہر کو دارالخلافہ بنایا گیا۔

(الف) لاہور (ب) کراچی (ج) راولپنڈی (د) اسلام آباد

(ii) تعصب کرنے والا دیدہ دانستہ برائی میں گرفتار اور۔۔۔۔۔۔ سے بیزار ہوتا ہے۔

(الف) ترقی (ب) خوشی (ج) بھلائی (د) ان میں سے کوئی نہیں

(iii) ڈپٹی نظیر احمد نصاب میں موجود سبق۔۔۔۔۔۔ کے مصنف ہیں۔

(الف) حق کا پیغام (ب) آخری ملاقات (ج) آتش بازی (د) وطن کی خاطر

(iv) فتح مکہ کے بعد آپ ﷺ نے مشرکین کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

(الف) فدیہ لیا (ب) معاف کردیا (ج) قتل کردیا (د) ان میں سے کوئی نہیں

(v) علامہ شبلی نعمانی نے نظم میں سیدہ پاک کس کو کہا ہے؟

(الف) حضرت عائشہؓ (ب) حضرت فاطمہؓ (ج) حضرت اسماءؓ (د) حضرت ام سلمیٰؓ

(vi) گاہے گاہے لفظ کے معنی ہیں۔

(الف) آہستہ آہستہ (ب) بار بار (ج) کبھی کبھی (د) تھوڑا تھوڑا

(vii) حق کے لیے جان دینا۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(الف) جہاد (ب) فرض (ج) شہادت (د) زندگی

(viii) پاکستان۔۔۔۔۔۔ کے نام پر وجود میں آیا۔

(الف) اسلام (ب) جمہوریت (ج) آمریت (د) ان میں سے کوئی نہیں

(ix) آبدوز کشتی روشنی کے لیے۔۔۔۔۔۔ استعمال کرتی ہے۔

(الف) چارجر (ب) برقی بیٹریاں (ج) جنریٹر (د) برقی آلہ

(x) کم گو لفظ کے معنی ہیں۔

(الف) کم بولنے والا (ب) کم چلنے والا (ج) کم سننے والا (د) کم سمجھنے والا

(xi) لیاقت علی خان پاکستان کے۔۔۔۔۔۔ وزیراعظم تھے۔

(الف) دوسرے (ب) تیسرے (ج) چوتھے (د) ان میں سے کوئی نہیں

(xii) کاتب اسم فاعل ہے، جس کا اسم مفعول۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(الف) کتب (ب) مکتب (ج) کتاب (د) ان میں سے کوئی نہیں

(xiii) جرمن سیاح۔۔۔۔۔۔ زبانوں میں بات کرسکتا تھا۔

(الف) چار (ب) دو (ج) تین (د) متعدد

(xiv) حفیظ جالندھری کی نظم "اے دو جہاں کے والی" ایک۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(الف) حمد (ب) نعت (ج) مناجات (د) قصیدہ

(xv) ۔۔۔۔۔۔ میں چار مصرعے ہوتے ہیں۔

(الف) [illegible] (ب) مخمس (ج) رباعی (د) ان میں سے کوئی نہیں